# ایک بل

خیبر پختونخوا سزاوں کا ایکٹ، 2021 میں ترمیم کی غرض سے۔

ہر گاہ کہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ! خیبر پختونخوا سزاوں کا ایکٹ 2021 (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 25، 2021) میں ترمیم بطریق ذیل کی جائے۔

لہذا صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا مندرجہ ذیل قانون وضع کرتی ہے۔

1۔ <u>مختصر عنوان اور آغاز</u>:-- (1) ایکٹ ہذا کو خیبر پختونخوا سزاوں کا (ترمیمی) ایکٹ 2025 کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2۔ **<u>خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 25، 2021 کی دفعہ 17 میں ترمیم</u>**:--- خیبر پختونخوا سزاوں کا ایکٹ 2021 (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 25، 2021) جو کہ بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کہلائے گا کی دفعہ 17 کی ذیلی دفعہ (3) کے لئے مندرجہ ذیل متبادل متصور ہوگا۔ یعنی:

"(3) وزیر اعلیٰ کونسل کے ارکان میں سے موجودہ یا ریٹائرڈ سول ملازمین، پراسیکوٹرز، ججز، وکلا اور فوجداری انصاف کے ماہرین مقرر کر سکتا ہے؛

اس فراہمی کے ساتھ کہ کونسل کے اجلاسوں میں شرکت کے لئے، چیئرپرسن اور ارکان ایک ایسے اعزازیہ کے حقدار ہونگے جیسا کہ حکومت متعین کرے۔"

3۔ **<u>خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 25، 2021 کی دفعہ 18 کا متبادل</u>**:-- مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 18 کے لئے مندرجہ ذیل متبادل متصور ہوگا۔ یعنی!

"18. <u>کونسل کا چیئرپرسن</u>:-- (1) وزیر اعلیٰ کونسل کے ارکان میں سے کسی ایک کو کونسل کا چیئرپرسن مقرر کر سکے گا۔

(2) وزیر اعلی کونسل کا ایک چیف ایگزیکٹیو آفسر مقرر کرے گا، جو روزمرہ کے انتظامی امور کا ذمہ دار ہوگا۔ اور کونسل کے ضوابط کے مطابق اپنے فرائض سر انجام دیگا۔"۔

4۔ **خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 25، 2021 کی دفعہ 20 کا متبادل**:-- مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 20 کے لئے مندرجہ ذیل متبادل متصور ہوگا۔ یعنی!

"20۔ **کونسل کے ملازمین**:-- کونسل کے ملازمین سول ملازمین ہوں گے، جن کی تقرری خیبر پختونخوا سول سرونٹس ایکٹ 1973 ( خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 18، 1973) اور اسکے تحت بنائے گئے قواعد کے مطابق کی جائے گی۔"

## بیان اغراض و وجوہ

مستحسن ہے کہ خیبر پختونخوا سزاوں کا ایکٹ 2021 (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر 25، 2021) پر بہتر عمل داری اور ایکٹ ہذا کی تشریحات کی وضاحت کے لئے ترمیم کی جائے۔ مزید براں، خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ کو کونسل کے چیئرپرسن اور ارکان کی تقرری کرنے کے لئے مجاز بنایا گیا ہے اور اسی طرح، تقرری میں آسانی اور ملازمین کی تصریح کو واضع کرنے کے لئے ترمیم کی جائے۔

لہذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے۔